سوال نمبر 10804

منجانب: محترمہ نعیمہ کشور خان صاحبہ، ایم پی اے

| نمبر شمار | سوال | جواب |
|---|---|---|
| (ا) | کیا وزیر بلدیات ارشاد فرمائیں گے کہ<br>اس وقت صوبے میں 22 لاکھ سے زائد بچے پیدائشی سرٹیفکیٹ سے محروم ہے؟ | محکمہ بلدیات و دیہی ترقی نے اب تک تقریباً 50 لاکھ بچوں کی پیدائیش کا اندراج کرچکی ہے۔ جس میں سے والدین ضرورت کے تحت اپنے بچوں کے پیدائش سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے مجاز ہیں اور متعلقہ Vc/Nc مذکورہ سرٹیفکیٹ جاری کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ |
| (ب) | حکومت بچوں کی رجسٹریشن اور سرٹیفکیٹ کی فراہمی کے لئے کیا اقدامات کررہی ہے تفصیل فراہم کی جائے۔ | لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2013 کے مطابق بچوں کی پیدائش کا اندراج Vc/Nc کی ذمہ داری ہے۔ موجودہ حکومت مذکورہ کام کو آسان اور سہل بنانے کیلئے تمام صوبے کو ساڑھے تین ہزار سے زائد Vc/Nc میں تقسیم کرچکی ہے جس میں بچوں کے پیدائشی اندراج کیلئے سٹاف، آلات و تکنیکی سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔ مزید براں والدین اور عوام الناس کی سہولت کیلئے متعلقہ قوانین وطریقہ کار کو جامع بنانے کیلئے عمل درآمد جاری ہے۔ |
| (ج) | برتھ سرٹیفکیٹ کے لئے فیس ختم کرنے کے لئے حکومت کیا اقدامات کررہی ہے۔ | برتھ سرٹیفکیٹ کی فیس ختم کرنے کا کوئی اقدام زیر غور نہیں ہے کیونکہ مذکورہ سرٹیفکیٹ کی فیس کا زیادہ حصہ محکمہ نادرا (NADRA) کو سیکورٹی پیپر کی مد میں ادا کیا جاتا ہے۔ |
| (د) | حکومت خواتین کی نکاح اور طلاق کی رجسٹریشن کے لئے کیا اقدامات کررہی ہے تفصیل فراہم کی جائے۔ | Vc/Nc اپنے دائرہ اختیار میں نکاح رجسٹرار تعینات کرنے کا اختیار رکھتی ہے۔ جن کے ذمہ نکاح کا اندراج متعلقہ Vc/Nc میں کرنا لازمی ہے۔ اسطرح طلاق کی رجسٹریشن بھی متعلقہ Vc/Nc میں کی جاتی ہے جس کیلئے تکنیکی سہولیات اور عملہ موجود ہے۔ |